اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے کاتب وراد کہتے ہیں : مغیرہ بن شعبہ نے مجھ سے معاویہ رضی اللہ عنہ کے نام بھیجے گئے ایک خط میں لکھوایا : اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے : "لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اللَّهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ" (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی کی بادشاہت اور اسی کی تعریف ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ! تو جو کچھ دے، اسے کوئی روکنے والا نہیں ہے اور تو جو روک لے، اسے کوئی دینے والا نہیں ہے کسی صاحب دولت کی دولت تیرے خلاف اس کے کچھ کام نہیں آ سکتی)

[صحيح] [متفق عليه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم ہر فرض نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے : " لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اللَّهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ". (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی کی بادشاہت اور اسی کی تعریف ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ! تو جو کچھ دے، اسے کوئی روکنے والا نہیں ہے اور تو جو روک لے، اسے کوئی دینے والا نہیں ہے کسی صاحب دولت کی دولت تیرے خلاف اس کے کچھ کام نہیں آ سکتی) یعنی میں کلمہ توحید لا الہ الا اللہ کا اقرار و اعتراف کرتا ہوں برحق عبادت کو اللہ کے لیے ثابت کرتا ہوں اور کسی دوسرے کے لیے اس کی نفی کرتا ہوں کیوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے میں اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ حقیقی اور مکمل بادشاہت اللہ کی ہے اور آسمان و زمین والوں کی ساری تعریف کا حق دار محض اللہ ہے کیوں کہ وہی ہر بات کی قدرت رکھتا ہے وہ کسی کو کچھ دے یا کسی سے کچھ روک لے، تو اس کے فیصلے کو کوئی ٹال نہیں سکتا اس کے دربار میں کسی صاحب دولت کی دولت و ثروت اس کے کچھ کام نہیں آ سکتی اس کے کام بس اس کی نیکیاں ہی آسکتی ہیں

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/65102